## رہبر معظم کی حضرت امام خمینی ( رہ) کے مزار اور گلزار شہداء بہشت زہرا ( س) پر حاضری - 1 /Feb/ 2014

عشرہ فجر کے آغاز اور حضرت امام خمینی ( رہ) کی تاریخی وطن واپسی کی مناسبت سے رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای آج صبح رہبر کبیراور بانی انقلاب اسلامی حضرت امام خمینی ( رہ) کے مزار اور گلزار شہداء پرحاضرہوئے رہبر معظم انقلاب اسلامی نے فاتحہ خوانی کے بعد انقلاب اسلامی کے بانی اور شہداء کو خراج تحسین پیش کیا ۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے گلزار شہداءبہشت زہرا ( س) میں دفن شہیدوں اورشہداء ہفت تیر کے مزار پر بھی حاضر ہو کر فاتحہ خوانی اور انھیں خراج تحسین پیش کیا۔